## سوال

(103) دورانِ وضوء سلام کا جواب دینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ وضو کرتے وقت سلام کا جواب بھی نہ دینا چاہیے ۔ اس لیے آنے والا وضو کرنے والے کو سلام نہ کرے ، کیا یہ مسئلہ خود ساختہ ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضو کرتے ہوئے ''السلام علیکم'' کا جواب دینا چاہیے ۔ کسی حدیث میں نہ سلام کی ممانعت آئی ہے ، اور نہ جواب کی ۔ نیز جب بحالتِ نماز کسی کو سلام کہنے کا جواز ہے ، تو اس حالت میں تو بطریق اولیٰ جواب دینا جائز ہو گا ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الطہارۃ : صفحہ : 137

محدث فتویٰ